صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 8 ستمبر 2003ء بمطابق 10 رجب 1424 ہجری صبح دس بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر اکرام اللہ شاہد، مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

خَلَقَ الۡاِنسَانَ مِن صَلۡصَالٍ کَالۡفَخَّارِO وَخَلَقَ الۡجَآنَّ مِن مَّارِجٍ مِّن نَّارٍO فَبِاَیِّ ءَالَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِO رَبُّ الۡمَشۡرِقَیۡنِ وَرَبُّ الۡمَغۡرِبَیۡنِO فَبِاَیِّ ءَالَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِO مَرَجَ الۡبَحۡرَیۡنِ یَلۡتَقِیَانِO بَیۡنَہُمَا بَرۡزَخٌ لَّا یَبۡغِیَانِO فَبِاَیِّ ءَالَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِO یَخۡرُجُ مِنۡہُمَا اللُّؤۡلُؤُ وَالۡمَرۡجَانُO فَبِاَیِّ ءَالَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِO وَلَہُ الۡجَوَارِ الۡمُنشَئَاتُ فِی الۡبَحۡرِ کَالۡاَعۡلَامِO فَبِاَیِّ ءَالَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِ۔

(ترجمہ): اسی نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی مٹی سے بنایا اور جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ وہی دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا مالک (ہے) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اسی نے دو دریا رواں کئے جو آپس میں ملتے ہیں دونوں میں ایک آڑ ہے کہ (اس سے) تجاوز نہیں کر سکتے تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اور جہاز بھی اسی کے ہیں جو دریا میں پہاڑوں کی طرح اونچے کھڑے ہوتے ہیں تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

محترمہ آفتاب شبیر: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: په ایجنډا باندې اول خبرې کوؤ بیا به وروستو چې کوم دے تا سو دغه۔۔۔۔

جناب حشمت خان (وزیر زکواۃ وعشر) یو اهم خبره د ه جی۔

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ ایجنډا باندې راځو۔ جن معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، میں ان کو بغرض منظوری ایوان میں پیش کرتا ہوں۔ جناب سید گل صاحب، ایم پی اے، 2003-09-08 کیلئے، جناب امان اللہ حقانی صاحب، ایم پی اے، 2003-09-03 تا صحت یابی، جناب وجیہہ الزمان خان صاحب، ایم پی اے، آج کیلئے۔ جناب سراج الحق صاحب، سینیئر منسٹر آج کیلئے۔ جناب حسین احمد کانجو صاحب، منسٹر آج کیلئے، جناب فضل ربی صاحب، منسٹر آج کیلئے، جناب حاجی قلندر خان لودھی صاحب، ایم پی اے، آج کیلئے اور محترمہ ڈاکٹر ثمین محمود جان صاحبہ، ایم پی اے، آج کیلئے۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. Leave is granted.

محترمہ آفتاب شبیر: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ جناب! میں نے آپ سے ٹائم لیا تھا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آفتاب شبیر صاحبہ، جی۔

محترمہ آفتاب شبیر: سر! لاءاینڈ آرڈر کی Situation کے بارے میں میں نے بات کرنی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں اس سلسلے میں عرض کروں کہ لاءاینڈ آرڈر کا مسئلہ ایجنڈے میں شامل ہے۔

محترمہ آفتاب شبیر: یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، پوائنٹ آف آرڈر تو اس لئے ہوتا ہے کہ کسی رول یا ریگولیشن کی خلاف ورزی ہوئی ہو۔

محترمہ آفتاب شبیر: ایک بہت ضروری بات ہے سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ضروری ہے لیکن میں آپ سے گزارش کروں گا کہ اس کو آپ لاء اینڈ آرڈر والے ایجنڈے کے دن کر لیں۔

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون): پوائنٹ آف آرڈر جی۔ آپ نے فضل علی صاحب سے کہا کہ فضل ربانی صاحب سے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: فضل ربانی منسٹر صاحب، فضل علی صاحب تو تشریف رکھتے ہیں۔ جی، حافظ حشمت صاحب!

رسمی کارروائی

جناب حشمت خان (وزیر زکواۃ و عشر): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ صوبائی دارالحکومت پشاور سے ملحقہ دیہی علاقے سوئی گیس سے محروم چلے آرہے ہیں اور سٹی ڈسٹرکٹ پشاور کا حصہ ہونے کے باوجود سوئی گیس جیسی سہولت سے محروم ہیں۔ سوئی گیس کی فراہمی پشاور کے دیہی علاقوں کا دیرینہ مطالبہ ہے۔ جناب سپیکر صاحب! گزشتہ برس صدر مملکت جناب جنرل پرویز مشرف صاحب نے پشاور میں ڈسٹرکٹ ناظم، ٹاؤن ناظمین اور پبلک سیفٹی کمیشن کے ممبران اور ضلع پشاور کے اعلیٰ سرکاری عہدیداران کے ایک اجلاس میں یہ کہا تھا کہ مجھے پشاور کا سب سے بڑا مسئلہ بتایا جائے تاکہ میں اسے حل کر سکوں۔ جن پر ناظمین نے متفقہ طور پر مطالبہ کیا کہ پشاور کے محروم علاقوں کو سوئی گیس فراہم کی جائے، یہی ہمارا سب سے بڑا مطالبہ ہے۔ جس پر صدر مملکت نے وعدہ کیا کہ وہ اسلام آباد جا کر فوری طور پر اس معاملے کے بارے میں پیش رفت کریں گے۔ بعد ازاں پشاور ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کی سوئی گیس کمیٹی کی نگرانی میں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آنریبل منسٹر صاحب! یہ کیا ہے؟ یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے یا تحریک التوا ہے؟

وزیر زکواۃ و عشر: یہاں پہ صدر مملکت صاحب آئے تھے۔۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب! میں عرض کرتا ہوں کہ آپ نے ہماری بہن کو تو بولنے نہیں دیا کہ یہ ایجنڈے میں آئے گا۔ تو منسٹر صاحب سے بھی درخواست ہے کہ جب آپ ان کو نہیں چھوڑتے تو یہ بھی پھر پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہوگا۔ کونسے رول کی خلاف ورزی ہوئی ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ تو میں نے کہا ہے نا۔
شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): سر! میں یہ گزارش کروں گا۔
جناب ڈپٹی سپیکر: شہزادہ گستاسپ صاحب
سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر! یہ Personal explanation پہ کھڑے ہیں اور یہ ہو سکتا ہے۔
جناب ڈپٹی سپیکر: مختصر کر لیں جی۔
وزیر زکواۃ و عشر: دلته کښې د يو علاقے نه بلې علاقې ته ګيس ځي، زمونږ چرته اعتراض په هغوې باندې نشته خو دهغې نه د لاء اينډ آرډر مسئله جوړيږی، مشرف صاحب چې راغلے وو د ريفرنډم په جلسه کښې تقرير کړے ووچې زهٔ دوه ارب روپۍ ضلع پيښور د عوامو د پاره د ګيس په سلسله کښې د منظوری اعلان کوم۔ زهٔ دا مطالبه کوم چې دے هسې هم وائ چه زهٔ کومه يوه خبره کوم هغه پوره کومه نو لهذا د دے فلور په وساطت سره زهٔ هغه ته دا وعده او يادومره چې مهربانی اوکړی او دا حل کړی-----
(قطع کلامیاں/شور)
جناب مشتاق احمد غنی: میں آپ کو اس کی مبارکباد دیتا ہوں کہ آپ نے صدر صاحب کو مان لیا ہے-----
(قطع کلامیاں)
جناب خالد وقار ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب! دا حافظ حشمت صاحب سره Related خبره ده جی دا کومه خبره چې دهٔ اوکړه زه دهغې کښې ګواه يم۔
وزیر قانون: جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے مشتاق غنی صاحب سے یہ پوچھنے کی جسارت کرتا ہوں کہ وہ صدر پرویز مشرف کی پارٹی سے ہیں یا مسلم لیگ (ق) سے تعلق رکھتے ہیں۔
محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ہم مرکز سے تعلق رکھتے ہیں۔ جناب سپیکر مسلم لیگ-----
جناب مشتاق احمد غنی: جناب! مسلم لیگ تو صدر مشرف کو صدر مانتی ہے۔ یہ مانتے نہیں ہیں۔
(قطع کلامیاں/شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں۔اس پر Discussion کی ضرورت نہیں ہے۔

وزیر زکواۃ وعشر: زمونږ شخصیت سره اختلاف دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شہزادہ گستاسپ صاحب! جناب شہزادہ گستاسپ صاحب۔یومنٹ جی۔جی،جی۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان(قائد حزب اختلاف): سر! منسٹر صاحب نے سوئی گیس کے مسئلے کو پیش کر کے کہا کہ اس سے لاءاینڈ آرڈر کا مسئلہ بن سکتا ہے تو ہماری یہ بہن۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ آفتاب شبیر صاحبہ۔ہاں،ان کو میں موقع دیتا ہوں۔

قائد حزب اختلاف: تو ہماری یہ بہن She is generally talking about the law and order situation تو پلیز، انہیں موقع دیا جائے۔مانسہرہ میں ایسے واقعات ہورہے ہیں Which need to be brought to the motion of the Assembly.

جناب خالد وقار ایڈوکیٹ: سر! زما هم دے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا آفتاب شبیر صاحبه مخکښې دا هغه کړې، دوی ته موقع ورکوؤ بیا تاسو سره خبره کوؤ۔ محترمه آفتاب شبیر صاحبه۔۔۔۔۔

(تالیاں)

محترمہ آفتاب شبیر: تھینک یو۔تھینک یو جی۔سر! میں تناول کے بارے میں بات کرنا چاہتی ہوں جو غزالہ حبیب صاحبہ کی Constituency ہے اور اس علاقے سے میرا اپنا تعلق بھی ہے۔کل ایک جنازے کے سلسلے میں ہمارا وہاں جانا ہوا۔لیکن تمام سڑکیں اس علاقے میں، وہ ایک پسماندہ علاقہ ہے لیکن وہاں پر ڈاکوؤں اور مفروروں نے اتنی لوٹ مار مچا رکھی ہے کہ اس کی وجہ سے تمام لوگوں نے کل ہڑتال کی ہوئی ہے اور ایک گاڑی بھی وہاں کی سڑک پہ نظر نہیں آتی تھی۔تو اس کیفیت اور Situation کو کنٹرول کرنے کی ریکویسٹ کرتے ہیں کہ اس کو آپ کنٹرول کرنے کیلئے کوئی اقدامات کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ظفر اعظم صاحب!

وزیر قانون: حکومت کے علم میں ایسی کوئی بات نہیں ہے لیکن محترمہ نے جو بات کہی ہے تو ہم ضرور اس کا پوچھیں گے اور ضرور ایکشن لیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔

قائد حزب اختلاف: سر! یہ بہت گھمبیر مسئلہ ہے۔ لاء اینڈ آرڈر پہ بحث رکھی گئی ہے، ان شاءاللہ تعالیٰ اسے اس دن ہم اٹھائیں گے۔ اگر یہ حکومت کے نوٹس میں، جس طرح ظفر اعظم صاحب نے کہا ہے کہ نوٹس میں نہیں ہے تو یہ نوٹس میں ہونی چاہیئے Because it is a very serious matter.

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ ٹھیک ہے Item No.2

مولانا عبدالرزاق: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، مولانا عبدالرزاق صاحب۔

مولانا عبدالرزاق: جناب سپیکر صاحب! د نهم چې کوم طلباء دی فیل طلباء د هغوې باره کښې چې کومه پالیسی وضع شوې ده، یقیناً چې نقصان دے۔ پرون چې کوم زمونږ طلباء دی ټول راغلې وو فیل طلباء، هغوې وائ چې پرنسپل مو په کلاس کښې نه پریږدی۔ هغه وائی چې مونږه باندې د پاس نه دباؤ دے۔ نو آخر دا وړوکے بچے هم دے ځائے کښې دی، اکثریت داسے دی چې ورسره وسائل نشته، نه پرائیویټ تعلیم کولے شی او نه هغوې سره بله ذریعه نشته۔ نو براه کرم زۀ هغوی ته درخواست کوم چه دا پالیسی د بدله کړی او د یخوا یوه کمیټی مقرر شې اؤ دا مسئله ورته حواله شې۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مولانا فضل علی صاحب منسٹر فار ایجوکیشن جی۔

مولانا فضل علی (وزیر تعلیم): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر صاحب۔ زما خو خبره عبدالرزاق صاحب سره اشوه هلته کانفرنس روم کښې جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بنه جی۔ ټهیک شوه جی۔

وزیر تعلیم: په دیکښې څه خاص مسئله نشته د فیل طالبعلمانو د پاره چې کوم رولز دی هغه طریقه باندې، ظاهر ده پرنسپل خو بیا نشې پریښود ے هغې فیل طالبعلم۔ دوئ چې کومه خبره کوی څه حل به ورته او ګورو، دا سه مسئله نه ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو دا حل را اوباسئی جی۔ مهربانی۔

جناب عبدالماجد: زما یو ساده غوندې پوائنټ آف آرډر دے جی۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! منسٹر صاحب کی Continuity میں ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں، یہی Ninth کا جو انہوں نے بیان کیا ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مشتاق احمد غنی صاحب جی!

جناب مشتاق احمد غنی: پہلے یہ ہوتا تھا کہ ایک نمبر سے اگر کوئی بچہ رہ جاتا تھا کسی بھی Exam میں، 9th, 10th, Ist year, 2nd year تو اس کو Grace marks دے کر پاس کر دیا جاتا تھا۔ ابھی اگر چھ ساڑھے چھ سو نمبر بھی کوئی بچہ لے لیتا ہے اور کسی ایک سبجیکٹ میں وہ ایک نمبر سے رہ جاتا ہے تو اس کو Fail declare کیا جاتا ہے۔ تو میری یہ گزارش ہے کہ اس پہ بھی غور کرنے کی ضرورت ہے کہ پہلے One percent of the total marks جو ہوا کرتے تھے اگر 800 نمبر ہیں ٹوٹل، تو 8 نمبر Grace marks کے ہوا کرتے تھے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاں، یہ ٹھیک ہے۔

جناب مشتاق احمد غنی: اب ایک نمبر بھی نہیں دیتے ابھی نہیں دیتے، ابھی تو بالکل نہیں دیتے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عبدالماجد خان، عبدالماجد خان۔

جناب عبدالماجد: یو ساده غوندې پوائنټ آف آرډر دے جی چې مونږ ته نهه نیمے بجے ټائم راکړی شی چه په نهه نیمے به اجلاس وی خو نن زمونږ اجلاس پاؤکم په یولس بجے شروع شوے دے نو ما ته یو خو ممبرانو دا خبره اوکړه چه مونږه هر څه پریږدو، غم بنادی پریږدو او دے دغه ته مونږ خان راورسوؤ لیکن بیا مونږ په انتظار انتظار یولس بجو، پاؤ کم یولس بجو پورے انتظار کوؤ دے د جناب څه حل را اوباسلے شي۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک ده جی د دے حل دا دے چه روزانه به په ټهیک ټائم باندې اجلاس کوؤ زیات نه زیات به پندره منټ مونږه ګورو که څوک وی نو ټهیک ده ګنی بیا به مونږه اجلاس شروع کوؤ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! ان کے ساتھ میں اتفاق کرتی ہوں کہ ہم تو پونے نو بجے آتے ہیں کہ وقت پر اجلاس شروع ہو یعنی اجلاس ٹھیک ساڑھے نو بجے شروع کریں لیکن گیارہ بجے اجلاس شروع ہوتا ہے تو۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے آئندہ اس بات کا خیال رکھیں گے جناب ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: ان کو میں نے خود دیکھا ہے کہ سوا دس بجے یہ آرہی تھیں سوا دس بجے یہ آرہی تھیں۔ یہ پونے نو بجے کا کہہ کر غلط بیانی کر رہی ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: آپ ایسا کریں کہ آپ آئیں ذرا ٹائم چیک کریں۔ سر! آپ کی وساطت سے میں ان سے کہتی ہوں کہ یہ ذرا ٹائم چیک کریں، میں تو پورے نو بجکر پندرہ منٹ پر پہنچی ہوتی ہوں۔

وزیر قانون: سوا دس بجے میں نے ان کو دیکھا ہے جب یہ گیٹ سے آرہی تھیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: آپ نے مجھے دیکھا ہے نا، آپ نے مجھے دیکھا ہے نا، لیکن میں نے تو آپ کو نہیں دیکھا۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: خالد وقار صاحب۔

جناب خالد وقار ایڈوکیٹ: زما خبرہ جی د حافظ حشمت صاحب خبرے سرہ تړلے خبرہ دہ جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب خالد وقار ایڈوکیٹ: زما خبرہ جی د حافظ حشمت صاحب خبرے سرہ تړلے خبرہ دہ څنګه چه دوئ اووئیل چې جی جنرل پرویز مشروف راغلې وو او ریفرنډم جلسے په بارہ کښې، نو په هغه ټائم کښې زهٔ د یونین کونسل چمکنی ناظم ووم جی۔ زه د دے خبرہ ګواہ یم چې هغوې د دوه ارب روپو اعلان اوکړو د سوئی ګیس د پارہ او دوه سوه ټرانسفارمرے د ضلع پشاور د پارہ او دوه سوه ټیوب ویلے ضلع پشاور د پارہ۔ نو زهٔ د دہ د خبرے تائید کوم چې تاسو هر کله راشئ او دا اعلان تاسو کړے دے نو تاسو خپله هغه وعدہ پورہ کړئ او د ضلع پشاور د عوامو هغه کوم ضروریات چې دی تاسو هغه پورہ کړئ او کوم خلق محروم دی د ګیس نه، چې د هغوې هغې ازاله اوشې او د هغوئ هغې محرومیت ختم شې چه دا څیزونه Provide شې۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک شوه۔ ټهیک شوه جی۔ ملک حیات خان صاحب۔

جناب حیات خان: شکریه سرا! بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب او ارکان اسمبلی! زه ستاسو توجه یو اهم مسئلے طرف ته را گرځول غواړم۔ په دیر بالا کښې پرون، اخبار هم راغستلې دی هغه زه لږ شان تاسو ته اوروم۔ ضلع دیر بالا میں بجلی گرنے سے 30افراد جان بحق،7 شدید زخمی۔ نہاگ درہ اور ہوشیر ئی درہ میں طوفانی بارشوں کے ساتھ آسمانی بجلی نے تباہی مچادی۔ مکانات منہدم، کھڑی فصلیں اور باغات تباہ، بڑی تعداد میں مویشی بھی لقمہ اجل بن گئے، بجلی اور ٹیلیفون کا نظام درہم برہم، جان بحق ہونے والوں میں گندیگار کے ایک ہی خاندان کے 12افراد اور شالگاکے ایک ہی خاندان کے سات افراد شامل ہیں، زرعی اراضی بھی سیلابی ریلے کی نظر ہو گئی، علاقے میں امدادی کارروائیاں شروع،وزیر اعلیٰ، سینیئر وزیر اور دیگر صوبائی وزراء کا اظہار افسوس۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: جناب سپیکر! ہمارے معزز رکن کو آپ نے موقع نہیں دیا Otherwise اس میں چیف منسٹر صاحب نے ایک ایک لاکھ روپے کا سارے Deceased کے لئے اعلان کیا ہوا ہے اور D.C.O. کو، ان گھروں تک جو ان کو مشکلات در پیش ہیں، کے لئے بھیجا ہوا ہے اور ان کے لئے Tents وغیرہ کا بھی بندوبست ہوا ہے۔ شاید Honourable Member بھی کچھ کہنا چاہ رہے تھے لیکن یہاں سے سب کچھ ہو گیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے جی۔ جناب بشیر احمد بلور صاحب۔

جناب حیات خان: سپیکر صاحب! زه د صوبائی حکومت او خاص کر د وزیر اعلیٰ صاحب او د سینئر وزیر ډیره زیاته شکریه ادا کوم چه دوئ هغوې ته بر وقت د فی مړی د پاره یو یو لاکھ روپئے او د اشیائے خورد و نوش د پاره څلور لاکھه روپے او 100 ټینټونه هغوې ورکړی دی۔ د وزیر اعلیٰ صاحب او د سینئر وزیر صاحب زه په دے خبره ډیره شکریه ادا کوم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بس جی۔ بشیر احمد بلور صاحب جی۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب ډیره مهربانی سپیکر صاحب! دا د دوئ دا ،زمونږ وزیر صاحب د دے خبرو سره تړلې خبره ده ـزمونږه بد قسمتی دا ده چې مونږه په دے پختون خوا کښې،په دے صوبه سرحد کښې اوسیږونو زمونږه څوک تپوس نه کوی کنه د ریفرنډم په ورځو کښې زمونږه صدر مملکت صاحب په ټول پاکستان کښې ګرځیدلے وو ـ لاړو کراچی ته ،سندھ ته لاړو نو د اربونو روپو اعلانونه ئے او کړل ـپنجاب ته لاړو نو د اربونو روپو اعلانونه ئے اوکړل ـهلته ټولو له پیسے ورکړے شوې او زمونږ صوبے ته یوه پیسه نه ده ملاؤ شوې ـدا دوه اربه روپے سوئی ګیس د پاره ،او دا دوه سوه ټیوب ویلونه چې دا زمونږ دے صوبې ته راکړی نو زمونږ څومره ډیویلپمنټ به په دے اوشی۔ زما به دا خواست وی چې اپوزیشن او دا حکومت یو ځائے کښنې او د دے یو قرار داد اولیکو او په متفقه طور باندې یو دا قرار داد منظور کړو چې دا زمونږ حق وو او زمونږ حق چې دے هغه هم، پکار دا ده چې ده اعلان کړے دے نو زمونږ دے صوبے ته د ملاؤ شی ـبله خبره زمونږه ورور او کړه چه په دیر بالا کښې داسے حالات پیدا شول او زمونږ وزیر اعلی صاحب او یا زمونږ حکومت ،زمونږه ورونړو خو هغې اعلان اوکړو او پیسې ئے ورله ورکړے خو دا په پنجاب او سندھ کښې چې کوم سیلابونه راغلې وو مرکزی حکومت وزیر اعظم هم تلے دے پریزیډنټ هم تلے دے هلته ورته پیسے ورکړے شوې دی Announcement شوې دے نو دا مونږه مسلمانان یو،پاکستانیان هم یو نو زمونږه هم حق دے چې مونږ ته دهم دا (تالیاں) چې مونږه خلقو ته، چې دے خلقو ته احساس پیدا شې چې مونږ په پاکستان کښې اوسیږو او د وزیر اعظم او د پریزیډنټ صاحب هم مونږ ته څه ، په ښه نظر باندې ګوری نو زما به دا خواست وی چې په دے باندې مونږه قرار داد راوړو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جمشید خان! ستا سو د دے سره خبره ده۔

جناب جمشید خان: او جی د دے سره۔

جناب ڈپٹی سپیکر: د دے سره ټهیک ده جی۔

جناب جمشید خان: جی مشکوریمه ستاسو چې تاسو ماله موقع راکړه۔ دا خو وزیر اعلیٰ صاحب ډیره مهربانی کړے ده چې په دیر کښې ئے اعلان کړے دے خو دا په ژمی کښې چه کوم سیلابونه راغلې وو او کوټے ارتاوے شوې وے په هغې کښې پچاس پچاس هزار روپے ورکړے شوې دی او پچاس هزار لا تر اوسه پورے پاتې دی۔ مونږ خپلو خلقو ته تللے نه شو زما په حلقه کښې یو کس مړ دے د پچاس هزار روپو چیک راغلے وو هغه مو ورته ورکړے دے خو پچاس هزار لا تر اوسه پورے پاتے دی اووه میاشتے اوشوې اته میاشتے، نو چه په دیکښې مهربانی اوشې چې دغه پیسے ورته زر ملاؤ شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک شوه جی ٹھیک شوه۔ میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: شکریہ جناب سپیکر۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: جناب سپیکر! زما هم یو عرض دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا میاں نثار گل صاحب جی مولانا صاحب۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: زه د ده نه اوړاندے خبره کوم زما په نوښار کښې په پینځمه میاشت کښې دوه ماشومان مړه شوې دی په حادثه کښې اوسه پوره دفاترو د هغې تعمیل نه دے کړے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بنه جی ٹھیک ده جی۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: ٹھیک ده نه، زه د هاؤس په نوټس کښې راولم چه دا دغه د اوکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ظفر اعظم صاحب! دا نوټ کړئ د ځان سره۔ میاں نثار گل صاحب۔ آنریبل میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! ابھی ایوان میں بات ہم نے سنی، بشیر بلور صاحب نے بھی کہا اور خالد وقار چمکنی صاحب نے بھی کہا کہ جنرل مشرف صاحب نے ضلع پشاور کے لئے دو ارب کے پیکج کا اعلان کیا ہے۔ اس میں میں نے خالد وقار صاحب کے منہ سے ایک بات سنی کہ اس میں 200 ٹیوب ویلز بھی ہیں تو میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب ہم، ضلع کرک کے نمائندے ٹیوب ویلز کے متعلق سنتے ہیں تو عرض کرنا

چاہتے ہیں کہ اگر مشرف صاحب نے ان ٹیوب ویلز کا پشاور کے لئے اعلان کیا ہے تو اس میں سے 50 ٹیوب ویلز ضلع کرک کے لئے بھی دیئے جائیں کیونکہ ادھر پانی کا سنگین مسئلہ ہے۔ مشرف صاحب ادھر آئے بھی نہیں ہیں ریفرنڈم میں، اور ضلع پشاور بھی گئے، بنوں بھی گئے ہیں لیکن کرک نہیں آئے تو میں یہ ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں جناب سپیکر،

جناب خالد وقار ایڈووکیٹ: مشرف صاحب صرف اعلان کړی دے چې کله ئے ټیوب ویلے را کړے نو خپله حصه به زه ده له ورکړم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اوشوه جی جناب ظفر اعظم صاحب۔ جناب ظفر اعظم۔

وزیر قانون: جناب سپیکر! جمشید خان صاحب نے بڑا اہم نکتہ اٹھایا ہے کہ بعض لوگوں کو 50 ہزار روپے مل چکے ہیں اور Announcement ایک لاکھ روپے کی تھی تو ریکارڈ کی درستگی کے لئے میں یہ کہنا چاہوں گا کہ جب ہم سب اسی ہاؤس میں موجود تھے تو چیف منسٹر صاحب نے 50 ہزار روپے کا اعلان کیا تھا تو اسی اعلان کے مطابق وہ 50 ہزار روپے Release ہو چکے ہیں اس کے بعد اپوزیشن اور ہمارے دوستوں کے مطالبے پر 50 ہزار روپے کا سینیئر منسٹر نے یہاں پر ہاؤس میں اعلان کیا تھا تو وہ بھی ان شاءاللہ ان کو جلد مل جائیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس میں مردان بھی شامل ہے جی۔

وزیر قانون: اس میں سب شامل ہیں۔ آج تو دیر کا ذکر بھی ہونا چاہیئے کیونکہ یہ پھر ناانصافی ہو گی اور دیر کو اور اس کو بھی مل جائیں گے۔

جناب انور کمال خان: جناب! ما ته به هم يو منٹ را کړئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دوئ لږ وضاحت کوی جی۔

وزیر قانون: دوسرا جی، سوئی گیس کے متعلق ہمارے منسٹر صاحب، بشیر بلور صاحب اور یہاں ہمارے سب دوستوں نے جو بات کی تو اس پر ہمارے چیف منسٹر کی سنٹرل گورنمنٹ کے ساتھ بات چیت ابھی جاری ہے اور وزیر اعظم سے بھی بات ہوئی ہے اور Directive letter بھی صدر صاحب کا اس کے متعلق Issue ہو چکا ہے جس کے لیے ہماری گورنمنٹ اور چیف منسٹر صاحب نے خود اس D.O. کو

Remind کروانے کے لئے ایک دو دفعہ لیٹرز بھی لکھے ہیں اور ہم اس سلسلے میں مرکزی حکومت سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ اپنی Commitment کو Honour کرے گی اور ہمیں بشیر بلور سے بھی اتفاق ہے کہ اگر حکومت مشترکہ قرارداد کے ذریعے مسئلے کو Deal کرے تو وہ بھی بہتر ہو گا۔ کیونکہ ہماری ایم ایم اے گورنمنٹ کی یہی پالیسی ہے کہ صوبہ سرحد کے عوام کے جائز حقوق جس طریقے سے بھی ہوں، جس طرح بھی ہوں ہم حاصل کر سکیں۔ اس میں اپوزیشن اور اقتدار۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! زه یو عرض کوم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو دواړه کښېنئ جی اؤ یو قرارداد جوړ کړئ او بیا ئے راوړئ جی۔

جناب بشیر احمد بلور: زه دا عرض کوم چې وزیر صاحب یوه خبره اوکړه چې ایم ایم اے کی حکومت نے صوبائی حقوق، نو دا خو زمونږ Subject دے جی او دا خو ما Propose کړیدے نو پکار ده چه دا ټول مشترکه د ایم ایم اے حکومت خبره نه ده، مونږ هم په دے صوبه کښې اوسیږو اؤ مونږ دا بنیادی اصول دادے چې مونږه د صوبائی خود مختارئ د پاره ټول عمر مو جنګ کړیدے۔ د ایم ایم اے حکومت او اپوزیشن یو ځائے دا خبره ده دا خالی د ایم ایم اے حکومت خبره نه ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر: انور کمال خان، جناب انور کمال خان۔

وزیر قانون: میں نے یہی کہا کہ موجودہ حکومت آپ لوگوں سے مل کر صوبے کے جائز حقوق کے لیے لڑے گی۔

جناب انور کمال خان: سپیکر صاحب! زه مشکور یم ستاسو۔ که یاد وی جی بله ورځ دے مولانا صاحب او حامد خان دوئ په دے بنوں کښې چې کوم دا القاعده خلاف آپریشن کیدونو په هغې باندې ډیرے مفصل خبرے اوشوې او زمونږ دا خیال وو صحیح چه یو طرف ته د مرکزی حکومت دا غلط بیانی او د ISPR د طرف نه دا بیان راغلې دے چې مونږه د جنوبی او د شمالی او دے علاقو کښې د هیڅ قسم آپریشن اراده نه ساتو بلکه دا د هغه Routine exercises دی چې کوم شروع دی او دے بل طرف ته مونږ چې کوم خدشات وو هغې خدشات اوس مخا

مخ راروان دی او نن هم او پرون هم اؤ هغه بله ورځ هم، په اخباراتو کښې مسلسل دا خبرونه راځی چې حکومت په دے جنوبی او په شمالی وزیرستان کښې آپریشن کولو د پاره تیار دے خو چونکه هلته حالات د موسم دومره زیات خراب دی نو هغوی ته اجازت نه ورکوی۔ جناب والا! زه به دے سلسله کښې دا ریکویسټ کوم چې یو خو مونږه حیران یو چې دومره اهمه خبره په هغه ورځ باندې هم زمونږه الیکټرا نک میډیا کم از کم داشې وانه غستو چه زمونږه په صوبه کښے مرکز خپله کارروائ کوی او زمونږه د صوبائ حکومت نه قطعاً هغه نظر اندازکړی او د هغوې نه تپوس قدرے هم نه کیږی بیا هم زه د دے شی ضرورت څکه محسوس کوم چې مونږ ته پکار دی چې مونږه دومرهٔ غټ سټینډ په دے باندې واغستلو او زمونږه دا خدشات وو چې خدائے پاک دے نه کړی که نن دا آپریشن د ایف بی آئی اؤ د امریکنیانو دا آپریشن په شمالی او په جنوبی وزیرستان کښے زمونږه په دے خطه کښې کیږی نو سبا زمونږه دا علاقې هم غیر محفوظ دی چه کوم Settled areas دی نو زما دا یو تجویز دے چې چونکه په دے باندې زمونږ یو مشترکه سټینډ وونو زه به دے حکومتی اراکین ته دا اووایم چې تاسو په دے سلسله کښې یو ریزولیوشن راولئ اؤ ان شاءالله العزیز مونږه به په هغے کښې ستاسو حمایت کوؤ چه مونږه مرکز ته اووایو چې تاسو د القاعده په تلاش کښې د دے په بهانه کښې زمونږه د خلقو د غیرت اؤ د ایمان کم از کم امتحان تاسو مه اخلئ او که بیا د دوی د طرف نه څوک ریزولیوشن نه راولی نو بیا مونږ ته تاسو دا اجازت راکړئ چې مونږه داسے یو قرار داد راولو او تاسو راسره هغه په مشترکه طور باندې پاس کړئ۔ مهربانی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مهربانی جی۔

مولانا محمد مجاهد خان الحسینی: جناب سپیکر! که تاسو ته یاد وی نو د دے مذمت مونږه کړے وو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چې دوئ جواب ورکړی نو بیا به۔

جناب سعید خان: زه هم په دے کښے څه Add کول غواړم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب دوئ، جناب سعید خان صاحب۔

جناب سعید خان: اعوذ باالله من الشیطن الرجیم۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ زمونږ معزز رکن جناب انور کمال خان صاحب دے طرف ته Pont out کړه چې ISPRدا بیان ورکړیدے چې هلته کښې څه آپریشن نشته دے جی۔ زه یو څو څیزونه د دوئ په نوټس کښې راوستل غواړم جی۔ یو هلته کښے FBIنه ده Involve۔دا Purelyپاکستان آرمی ده او پاکستان آرمی ته پورا حق دے چه هغه په هر ځائے کښې، په کوم ځائے کښې وی، نمبر ون جی۔ نمبر ټو د ISPRدا بیان بالکل درست ځکه دے چه دا د القاعده خلاف آپریشن نه دے که چرے وونو یا یو لوکل ته به Damageرسیدلے وو یا یو Individualته خو داسے هیڅ څه نشته۔ تاسو که درے څلور ورځے وروستو لاړ شئ نو افغان سولجرز چه کوم اوس ناردرن الائنس دے طالبان نه دی هغوي زمونږه ایریاز ټریس پاسTrespass کړے وه او په هغې کښې زمونږه یو فوجی خوږ شوې وو او یو زخمی شوې وو نو د هغوي دا Trespass د رکاؤلو دپاره، د ودرولو دپاره۔۔۔۔۔

جناب خالد وقار ایڈوکیٹ: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ په دې خوږ شوې او زخمی شوې کښې دوئ څه فرق کوی۔ یو خوږ شوې او بل زخمی شوې په دیکښې د دوی فرق اوکړی۔

جناب انور کمال خان : جناب والا! دوئ د پرویز مشرف د جنرل صاحب دا اقدامات دې کم از کم دلته په دے هاؤس کښې نه Justify کوی دا ټول قوم، مونږه د دوی دا اقدامات چې کوم دی دا رد کړی دی او مونږه دا نه غواړو۔۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سعید خان: ما خو لا خبره نه ده کړې، ماله خپله خبره نه ده خلاصه کړې زه دا خپله خبره مکمل کوم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سعید خان صاحب۔

جناب سعید خان: نو جی دا آپریشن د القاعده خلاف نه دے This is purely being conducted to stop the intervention.

جناب ڈپٹی سپیکر: دا منسٹر صاحب وضاحت کوی کنه۔ جی۔ جناب ظفر اعظم صاحب۔

جناب سعید خان: یو جی زه بله خبره کول غواړم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب سعید خان: مونږه په دې ځائے کښې د پولیټیکل پارټیز Representatives یو که۔ مونږه د القاعده Representatives یو او نمبر دو مونږ د پاکستان او په پاکستان کښې د N.W.F.P Representatives یو نه چې مونږ د افغانستان او په افغانستان کښې د قندهاریو۔ نو مونږ به هغې څه کوؤ چې د پاکستان او د N.W.F.P په حق کښې وی مونږ به د کابل او د افغانستان خبرے ورستو کوؤ او په دے ځائے کښې چې کوم القاعده په ځان پسې حسابوی، افغانستان کښې به القاعده او دغه خبرې وی پاکستان کښې چې کوم القاعده دے هغې القاعده نه هغې الفائده دے زه ئے په دغه پورے پوهه یم۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ظفر اعظم صاحب۔ آنربیل منسٹر فار لاء۔

وزیر قانون: جناب سعید خان نے جو وضاحت کی ہے میں ان کے ساتھ متفق ہوں اور اس کے ساتھ میں اور بھی کچھ Add کرنا چاہتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب انور کمال خان: ہم نے آپ کی خاطر اپنے آپ کو القاعدہ بنا دیا اور آپ ان کے ساتھ متفق ہو رہے ہیں اس سے تو یہ مراد ہے کہ آپ یہ چاہتے ہیں کہ جو کچھ آپ کے ملک میں ہو رہا ہے وہ صحیح ہو رہا ہے۔ کم از کم ہماری آنکھیں کھلی ہو جائیں گی اس۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: انور کمال صاحب نے شاید وہ باتیں جو ہمارے سعید خان صاحب نے کیں بغور نہیں سنی، انہوں نے کہا کہ یہاں القاعدہ نہیں ہیں، جو ہوں گے وہ الفائدہ ہونگے۔ شاید میری طرف انکی انگلی ہو، شاید آپ کی طرف ہو، اس کا تو کوئی اندازہ نہیں ہے کہ کس کی طرف انہوں نے انگلی پکڑی، لیکن مطلب یہ ہے کہ انہوں نے، میں بھی اس سٹیج سے یہی کہتا ہوں کہ صوبہ سرحد میں القاعدہ کا کوئی فرد یا نام و نشان یہاں پر نہیں ہے اور یہاں پر القاعدہ کے نام پر آپریشن کرنا ہم جائز بھی نہیں سمجھتے۔۔۔

(مداخلت)

جناب انور کمال خان : مجھے خوشی ہو رہی ہے کہ انہوں نے اپنا مؤقف بہت جلد تبدیل کر لیا۔

وزیر قانون: دوسرا میں اس کے ساتھ ایک اور چیز Add کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ بنوں کے متعلق انور کمال صاحب نے جو بات کی کہ بنوں میں آپریشن ہوا تھا تو بنوں کے متعلق اسی دن اخبارات میں، میڈیا پر، سب لوگوں اور سب عوام نے دیکھا ہے کہ چیف منسٹر صاحب کور کمانڈر سے ملے اور فیصل صالح حیات سے بھی اس بابت میں دوسرے دن ان کی ملاقات اسلام آباد میں ہوئی اور۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وزیر داخلہ کے ساتھ۔

وزیر قانون: جی، وزیر داخلہ کے ساتھ، تو انہوں نے ان کو یقین دہانی کرائی تھی کہ یہ آپریشن القاعدہ کے خلاف نہیں ہے جب اتنے ذمہ دار بندے نے، اتنے ذمہ دار لوگ، ہمارے چیف منسٹر صاحب کو یہ یقین دھانی کراتے ہیں تو ہمیں اس پر یقین کرنا پڑے گا۔ ان کی بات پر اگر ہم یقین نہ کریں تو شاید کوئی بھی ہمارے قدم کو Justify نہیں کر سکے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ میں اس مشترکہ تجویز کے متعلق یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ میں خود یہ Personal explanation آپ کو دے رہا ہوں کہ کل میں خود بنوں گیا تھا میں یہ بات آف دی ریکارڈ کہہ رہا ہوں، بنوں ہمارے چیف منسٹر صاحب کی Constituency ہے تو یہاں پر آپریشن سب سے پہلے ہمیں Tease کرتی ہے تو وہاں پر ہمیں معلوم ہوا کہ نہیں، کوئی ایسی بات نہیں ہے، کل کی بات میں آپ کو کر رہا ہوں تو مشترکہ ریزولیوشن اس پر لانا جب کہ کوئی ایسی بات ہے ہی نہیں، کچھ ایسا ایشو ہے ہی نہیں اسے لانے کی ضرورت نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی۔ امیر رحمان صاحب۔

جناب امیر رحمان : جناب سپیکر صاحب! دوه درې څلور میاشتے مخکښې په صوابی ضلع کښې او بیا په منصب دارو کلی کښې په سکول کښې، په جماعت کښې ماشومان څه خوږ شوی وو او څه پکښې مړه شوي وو د هغې د پاره صوبائی حکومت اعلان کړے وو د پیسو، نو هغې ملګرو ته هغې کسانو ته څه پیسې ملاؤ شوې دی او څه نه دی ملاؤ شوې چه هغې د ډاکټر صاحب په حلقه کښې هم راځی او زما د کلی کسان دی نو مهربانی د اوکړی وزیر اعلیٰ صاحب

هم ناست دے ، منسٹر صاحب هم ناست دے چې هغې بقایا پیسې هغوې ته ملاؤ شي۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم جناب فضل علی صاحب۔وزیر تعلیم۔

مولانا فضل علی (وزیر تعلیم): شکریه سپیکر صاحب زه پوهیږم چې د امیر رحمان صاحب څه مطلب دے ؟ د څومره پیسو اعلان چې شوې وو باقاعده هغې پیسې مونږه ورکړي دي په هغې کښې فنکشن شوې دے ، دنیا موجوده وه، میډیا باندې راغلې دي او زه نه پوهیږم که د هغې نه علاوه د څه پیسې یادوي۔

جناب امیر رحمان: نیمے پیسې ملاؤ شوې دي، نیمے نه دي ملاؤ شوې۔

وزیر تعلیم: ټولے پیسې ملاؤ شوې دي هغې وخت سره چې څومره اعلان وزیر اعلیٰ صاحب کړے وو هغه پچاس هزار روپئ ملاؤ شوې دي۔

ڈاکٹر محمد سلیم: زه د دے خبرے تائید کوم د امیر رحمان خان۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دے ایجنډې له راځو جي ډاکټر صاحب! دے ایجنډې له راځو۔ ٹھیک شو۔

ڈاکٹر محمد سلیم: دا خبره ٹھیک ده چې کوم اعلان شوې وو نو پیسې نیمے ملاؤ شوې دي ،نیمے نه دي ملاؤ شوې۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو کښینئې جي او اوګورئی مولانا صاحب۔

وزیر تعلیم: اعلان څومره شوې وو ډاکټر صاحب۔

ڈاکٹر محمد سلیم: لس زره، لس زره۔

وزیر تعلیم: اعلان شوې وو د پچاس هزار روپو د مړی د پاره۔

ڈاکٹر محمد سلیم: زخمیانو د پاره لس لس زره پنځه پنځه زره ملاؤ شوې دي۔

وزیر تعلیم: مړی ته ملاؤ شوې دي، پنځه پنځه زره نورو ته ملاؤ شوې دي۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو کراس خبرے کوئ۔.Address the Chair jee

وزیر تعلیم: هغه وخت سره پچاس هزار روپئی د مړی د پاره، پنځه پنځه زره۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو داسې کار اوکړئ جي مولانا صاحب تاسو داسې کار اوکړئ چې دے وقفه کښې دوئی سره کښينئې۔

وزیر تعلیم: نه ،نه کښېناستو کښې دے ته څه حاجت دے ، دا خو واضح خبره ده، دا میډیا باندې راغلی دی څه خبره پټ پناه نه ده، وزیر اعلی صاحب پچاس هزار روپو اعلان کړې دے، نورے پیسې په مونږه باندې څنګه راولی۔ (قہقہہ) هغه پچاس هزار روپئې مونږه ورکړی وې د زخمیانو د پاره پانچ پانچ هزار۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اوشو جی، خلیل عباس صاحب!

جناب خلیل عباس: شکریه جناب سپیکر! زه ،نن زمونږه لیډر آف دی هاؤس جناب اکرم خان درانی صاحب راغلې دے او ستاسو په وساطت سره د دوئ په خدمت کښې زه د خپلې علاقے او ډیر اهم او فوری نوعیت مسئله ګوش ګزار کوم جی، ما هغه ورځ هم خبره کړی وه جی، چې د اټک د نوی پل د پاره یو ټول پلازه جوړه شوې ده او هغه ټول پلازه په داسې ځائے کښې جوړه شوې ده چې لوکل ټریفک چې کوم پل نه کراس کوی هغې به هم د هغې په زد کښې راځی او پیسې به ورکوی زمونږه په ټول پلازه یا د ټیکس په وصولی باندې قطعاً هیڅ څه قسمه اعتراض نشته صرف دومره استدعا مو ده، د علاقې د خلقو دا دغه ده، هلته اوس۔ زما خیال دے که دده فوری حل او نه شو نو ماته دا خدشه ده چې هلته به سه لاء اینډ آرډر سچویشن جوړیږې، سړک به بلاک کیږې زما دا استدعا ده چې په کوم ځائے ده، هغې نه د یو ډیرھ، دو سو ګز هغې مخکښې شفټ کړی چې کوم لوکل ټریفک پل نه استعمالوی، نظام پور یا کوهاټ طرف ته ځی چې هغوې د دې په زد کښې نه راځی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب تاسو د دوئ دغه اوکړئ، دا اخبار کښې هم دا مسئله راغلی ده، په دې ځائے باندې د خلقو دغه دے۔

وزیر قانون: بالکل جائز مسئلہ ہے اس سے پہلے بھی اسمبلی کے فلور پر یہ بات آئی ہوئی ہے اور ہمارے منسٹر فار لوکل گورنمنٹ نے اس کا بڑا مناسب جواب دیا تھا۔ جناب! بات یہ ہے کہ یہ سنٹرل گورنمنٹ سے Related مسئلہ ہے۔ این ایچ اے کا سبجیکٹ ہے تو ہم ان شاءاللہ منسٹر فار لوکل گورنمنٹ، اور شکر ہے کہ

آج چیف منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، یہ ان کا مسئلہ نہیں ہے، یہ سارے صوبہ سرحد کا مسئلہ ہے تو ہم سب یہ چاہتے ہیں اور چیف منسٹر صاحب بھی اس پر بات کریں گے جب وہ اسلام آباد جائیں گے، کیونکہ ہمارے دیہاتوں کو جو راستہ جاتا ہے وہ بھی تقریباً اس میں پھنس جاتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آئٹم نمبر 4۔ جی سردار ادریس صاحب۔

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر! میں ذرا تھوڑی سی اس کی وضاحت کر دوں کہ یہ NHA مسئلے پر آج بھی وہاں پر بات ہوئی ہے۔ سی ایم صاحب نے بھی بات کی ہے ان شاءاللہ تعالیٰ ہم اس کو Resolve کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جس دن انہوں نے یہ پوائنٹ اٹھایا تھا اسی دن ہم نے بات کی تھی اور سی ایم صاحب اسلام آباد میں ہی تھے اور انہوں نے بھی اس مسئلے پر بات کی ہے ہم کوشش کر رہے ہیں کہ کسی Appropriate جگہ پر آجائیں۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب زما دا خواست دے چې۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بشیر احمد بلور صاحب جی۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب بشیر احمد بلور: چې Under Rule 240 دا رول دے Suspend کړې شي چې مونږه ته اجازت را کړې شي او مونږه دا قرارداد پیش کړو چې کوم مونږه اوس فیصله او کړه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: زما خیال دے چې د وقفے نه پس ئے نه کوؤ جی۔

جناب بشیر احمد بلور: نه تاسو ریکویسټ اوکړو چې هغه تیار دے کنه نو اوس به ئے اوکړو کنه۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the relevant Rule may be suspended?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have. The relevant rule is suspended. And Mr. Basheer Ahmad Bilour, MPA, is allowed to submit his Resolution...

میاں نثار گل: جناب سپیکر یو ضروری خبره ده که تاسو ما ته یو منټ را کړئ جی۔

قرارداد

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب بشیر احمد بلور۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! زه ستاسو مشکور یم۔ دا قرارداد چې دے دا زمونږ د اپوزیشن لیډرانو ټول انور کمال خان، شهزاده گستاسپ، مشتاق غنی، زمونږ چمکنی صاحب او حافظ حشمت صاحب، د پیښور ډسټرکټ ممبرانو د ټولو ده طرف نه په اسمبلئی کښې دا قرارداد پیش کوم۔"یہ اسمبلی صدر پاکستان اور مرکزی حکومت سے درخواست کرتی ہے کہ صدر مملکت نے ریفرنڈم میں پورے پاکستان میں اربوں روپے کے اعلانات کئے اور ان کو عملی جامہ پہنایا گیا مگر ہمارے صوبے میں جو اعلانات کئے گئے تھے ان پر عمل در آمد نہیں ہوا، اس لئے ہم اس قرارداد کے ذریعے صدر مملکت اور مرکزی حکومت کو یاددہانی کرانا چاہتے ہیں کہ ہمارے صوبے کو بھی اعلانات کے مطابق فنڈز مہیا کئے جائیں"۔ سپیکر صاحب، دے باره کښې خبرے مخکښې هم اوکړلے او بیا هم عرض کوم چې ټول پاکستان ته هغې کارونه شوې دی نو پکار دا دے، ماته چیف منسټر صاحب دا اووئیل چې مونږه هغې کښې لګیا یو خو پکار دادے چې دا Expediteکړے شي چې دا پیسې د او رسوې چې زمونږ دے خلقو ته خپل حقوق ملاؤ شي۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the Resolution may be…

ښه ښه، جناب خالد وقار خان۔

جناب خالد وقار ایڈوکیټ: شکریه سپیکر صاحب۔ دا قرارداد جی د ایم ایم اے په Behalfباندې او د اپوزیشن ټول محترم لیډران چې په هغې کښې بشیر احمد بلور، انور کمال خان، مشتاق غنی صاحب او شهزاده گستاسپ صاحب د هغوې په Behalfباندې دا جی په دې هاؤس کښې پیش کوم۔ قرارداد دا دے جی۔"یہ اسمبلی صدر پاکستان اور مرکزی حکومت سے درخواست کرتی ہے کہ صدر مملکت نے ریفرنڈم میں پورے پاکستان میں اربوں روپے کے اعلانات کئے ہیں اور ان کو عملی جامہ پہنایا گیا مگر ہمارے صوبے میں جو اعلانات کئے گئے تھے ان پر عمل در آمد نہیں ہوا، اس لئے ہم اس قرارداد کے ذریعے صدر مملکت اور مرکزی

حکومت کو یاد دہانی کرانا چاہتے ہیں کہ ہمارے صوبے کو بھی اعلانات کے مطابق فنڈز مہیا کئے جائیں اور اپنا وعدہ پورا کیا جائے۔ شکریہ سپیکر صاحب۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the Resolution may be adopted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously.

میاں صاحب په ایجنډا باندې راخو جی۔ ډیر وخت ، دا ګوره یوولس نیمے بجے دی۔ میاں صاحب بیا تاسو له ټائم درکوم کنه جی۔ بیا درکوم ټائم جی۔ Item No. 4

جناب بشیر احمد بلور: تاسو جی دا هاؤس In order کړئ دا څه طریقه خو نه ده۔ لاء منسټر صاحب هاؤس In order نه پریږدی نو دا خو ډیر، او بیا غوږ کښې خبرے کوی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ کاناپوسی میرے خیال میں ٹھیک نہیں ہے جی۔

شمال مغربی سرحدی صوبہ پبلک سروس کمیشن کی سالانہ رپورٹ برائے سال 2002 کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: The Honourable Minister for Law & Parliamentary affairs, NWFP, to please lay on the table of the House, the report of the North West Frontier Province Public Service Commission, for the year, 2002. Honourable Minister for Law & Parliamentary Affairs, please.

Minister for law: Thank you Sir. I beg to lay the Annual Report of Public Service Commission for the year, 2002, on the table of the House. Thank you sir.

Mr. Deputy Speaker: The report of the Public Service Commission stands laid.

تعمیر سرحد پروگرام پر بحث

جناب ڈپٹی سپیکر: آئٹم نمبر 5 تعمیر سرحد پروگرام پر بحث۔ دے سلسله کښې چې مونږه له کوم نومونه راغلی دی هغې دغه کوؤ خو یو ریکویسټ دے هغې د محترمه نګهت اورکزئ د طرف نه دے۔ هغه وائ چې که یره ماله مو مخکښې موقع راکړه د

دوئ چرته دغې دے ، مصروفیات دی نو زه دوئ ته فلور ورکوم۔ محترمه نگهت اورکزئی صاحبه۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو مسٹر سپیکر صاحب! آپ نے مجھے تعمیر سرحد کے بارے میں جو بحث ہو رہی ہے اس پر بات کرنے کی اجازت دی اور اس کا بھی شکریہ کہ آپ نے مجھے میری باری سے پہلے باری دے دی کیونکہ میں نے کہیں جانا تھا۔ جناب سپیکر صاحب! میں اس بحث پر بات کرنے سے پہلے دو تین آیتوں کو Quote کرنا چاہوں گی اور وہ ہیں سورۃ توبہ کی چار نمبر آیت کہ جس میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "عہد و پیمان مقرر مدت میں ہر صورت میں پورے کرنے چاہیں" دوسری آیت ہے سورۃ نحل کی آیت نمبر 91 "اور اللہ کے عہد کو پورا کرو جب کہ تم نے اس سے کوئی عہد باندھا ہو اور اپنی قسمیں پختہ کرکے توڑا نہ کرو حالانکہ تم اللہ کو اپنے اوپر ضامن ٹھہرا چکے ہو۔ بے شک اللہ سب کو جانتا ہے" پھر سورۃ صحف کی دو اور تین آیتیں ہیں "کہ اے ایمان والو! تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو نہیں کرتے یہ حرکت اللہ تعالیٰ کو بہت ناپسند ہے کہ تم کہو وہ بات جو کرتے نہیں" پھر سورۃ احزاب کی آیت ہے "کہ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سیدھی سیدھی اور سچی باتیں کہو تاکہ اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف کرے اور تمہارے اعمال کو سنوار دے" سورۃ اسرائیل میں ارشاد ہے "اور وعدے کو پورا کرو کیونکہ قیامت کے دن وعدوں کے متعلق پوچھا جائے گا" جناب سپیکر صاحب۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تو پوری عالم فاضل بن گئی ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ٹھیک ہے جی ہم مسلمان ہیں جی۔

جناب خالد وقار ایڈوکیٹ: جناب سپیکر پوائنټ آف آرډر جی! زه محترمه نگهت اورکزئ صاحبه ته دا خواست دے کوم چې د قرآن حواله ورکوی او د حدیث حواله ورکوی نو دا سر د لږ پټوې جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جی میں قرآن کی آیتیں نہیں پڑھ رہی ہوں میں ان کا ترجمہ پڑھ رہی ہوں۔ میرے خیال میں آپ یہ بھول جاتے ہیں کہ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ جاری رکھیں جی!

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: بالکل جی، دل میں بھی آپ قرآن شریف پڑھ سکتے ہیں۔ (مداخلت)
چلیں جی میں بحث میں نہیں جانا چاہتی۔
جناب ڈپٹی سپیکر: آپ اپنا بیان کریں جی۔
محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں نے پڑھ لیا ہے اس لئے کہ یہ ترجمہ ہے میں اس وقت قرآن مجید کی تلاوت نہیں کر رہی ہوں۔ میں ترجمہ پڑھ رہی ہوں اس لیے بغیر دوپٹے کے ترجمہ پڑھا جا سکتا ہے۔
(مداخلت)
جناب خالد وقار ایڈوکیٹ: محترمہ اگر آپ قرآن۔۔۔۔
جناب ڈپٹی سپیکر: خالد وقار صاحب پریږدئی جی، جی محترمہ نگہت اورکزئ صاحبہ!
محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر اگر یہ میری بات نہیں سننا چاہتے۔
جناب ڈپٹی سپیکر: آپ سنا تو دیں نا۔ محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ۔
محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! یہاں اس فلور پر حکومتی اراکین اور اپوزیشن اراکین اسمبلی کے لیے وعدہ کیا گیا تھا کہ تعمیر سرحد پروگرام کے تحت۔۔۔۔۔
(مداخلت)
محترمہ نعیمہ اختر: آیات کا احترام کرنا چاہیئے، سر پر دوپٹہ رکھنا چاہیئے۔
جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی، ټهیک ده جی خبره بده نه ده تاسو خپله خبره جاری اوساتئی۔
محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: انہیں پچھلے پارلیمانی سال میں پچاس لاکھ روپے اور دوسرے سال کے لئے ایک کروڑ روپے کا وعدہ کیا گیا تھا جو کہ بہت خوش آئند ہے اور میں اس سلسلے میں مرکز کو خراج تحسین پیش کرونگی کہ یہ فنڈز مرکز نے تمام اپوزیشن اور تمام اراکین اسمبلی، جو حکومتی اراکین بھی تھے، ان کے لئے دے کر تمام صوبوں کے لئے بھی ایک مثال قائم کر دی کہ وہاں پر بھی اپوزیشن اور حکومتی اراکین اسمبلی کو پچاس پچاس لاکھ روپے اور اس سال ایک کروڑ روپے کا وعدہ کیا گیا جو کہ میں سمجھتی ہوں جناب سپیکر صاحب! کہ صرف اور صرف اخباری بیانات کی حد تک ہے اور اس میں، میں یہ سمجھتی ہوں کہ جو عوام، میں

یہاں پر حکومتی اراکین اسمبلی اور اپوزیشن کے، مشتاق غنی صاحب! میں آپ کی Attention چاہوں گی سپیکر صاحب کی وساطت سے،

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کہ میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ پچاس لاکھ روپے، جو میں آن ریکارڈ بات کرنا چاہتی ہوں وہ یہ بات ہے کہ یہ پچاس لاکھ روپے کے وعدے کیے گئے تھے تو تمام لوگ جو ہمارے ووٹرز ہیں، ان لوگوں کو یہ پتہ ہے کہ یہ ان کو مل چکے ہیں اور شاید انہوں نے خرچ کر لئے ہیں جبکہ میں ریکارڈ کی درستگی کے لئے یہ بات بھی کرنا چاہوں گی کہ یہ پچاس لاکھ روپے یا ایک کروڑ روپے کا جو وعدہ کیا گیا تھا تو وہ پیسہ محکمے کو ملتا ہے۔ اور ہم انہیں صرف اپنی سکیمیں دیتے ہیں۔۔۔۔۔

(مداخلت)

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): بالکل جی۔ ووٹروں کو معلوم ہے کہ پیسے نہیں ملے ہیں۔ ووٹرز تو یہیں موجود ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ بعد میں بات کر لیں۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔ جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ میں سردار ادریس سے آپ کے توسط سے بات کرنا چاہوں گی۔ کہ یہ جتنی بھی خواتین یہاں بیٹھی ہوئی ہیں یہ ان کی بہت خوش قسمتی ہے۔ کیونکہ سردار ادریس صاحب جب الیکشن لڑ رہے تھے تو صبح، شام، دوپہر جاتے تھے۔ اور کہتے تھے۔ کہ ہمیں ووٹ دیں، جبکہ جتنی بھی خواتین ہیں۔ ان پہ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ رات کو ٹی وی پہ Announce ہو گیا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے بعد اور مشرف صاحب نے جو ہمارے ساتھ مہربانی کی رات کو ٹی وی پر بغیر کسی تگ و دو کے اعلان ہو گیا کہ یہ خواتین اسمبلیوں میں بیٹھیں گی۔ تو میرا خیال ہے کہ یہ ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ آپ کی کرامات ہیں۔ دا ستا سو کرامات دی جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں یہ سمجھتی ہوں۔ میں تعمیر سرحد کی حوالے سے جو بات کہنا چاہتی ہوں، میں اس کو شارٹ کروں گی۔ میرا خیال ہے کہ یہ جو حکومتی ارکان ہیں۔ میرے خیال میں اس بات کو Seriously نہیں لے رہے ہیں،اوراس بات میں بار بار Interference کررہے ہیں۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب ظفراعظم(وزیر قانون): جناب سپیکر صاحب! اورکزئی صاحبہ نے انصاف نہیں کیا۔ حکومتی ارکان بڑے غور سے سن رہے ہیں۔ اوران کے اپنے ارکان اس کی بات نہیں سن رہے۔ تو یہ بہت ناانصافی کی گئی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان کے اپنے مشتاق غنی صاحب نہیں سن رہے ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں، نہیں، سن رہے ہیں۔ (قہقہے) جناب سپیکر صاحب! میں یہ سمجھتی ہوں کہ جن 22 اراکین اسمبلی کو جو۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: خواتین کو۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں جی۔ تمام اراکین اسمبلی کو جو فنڈز دینے کا اعلان اخبار میں ہوا ہے۔ (مداخلت) نہیں جی، صرف 22 کو ہوا ہے۔ جو اخبار میں نام آئے ہیں میں اس حوالے سے بات کرنا چاہتی ہوں۔ اس میں میرا نام بھی شامل ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! سب سے پہلے تو میں، 3.5 کا صرف انہوں نے اعلان کیا ہے۔ آج حکومتی ارکان اوراپنے اپوزیشن بینچوں پہ جتنے بھی بہن بھائی بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان سب کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے میں یہ بات فلور پہ کرنا چاہتی ہوں۔ کہ جب تک میرے تمام اراکین کو فنڈز نہیں ملیں گے۔ مجھے جو اخبار کے ذریعے بتایا گیا۔ کہ آپکو یہ فنڈ مل چکا ہے، تو میں اسکو استعمال نہیں کروں گا۔ جب تک کہ تمام اراکین اسمبلی کو فنڈز نہیں ملتے۔۔۔۔

(تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: Good offer should not be refused.

جناب زرگل خان: پوائنټ آف آرډر سر، هغې فنډ خو دے ماله راکړې وو۔
(قہقہے)   دا زما فنډ بند دے-----

(مداخلت)

وزیر قانون: ان کے ساتھ بھی وعدہ کیا تھااور میرے ساتھ بھی وعدہ کیا تھا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اور میں وعدہ پورا کر رہی ہوں۔ لیکن اس وقت جبکہ تمام اراکین اسمبلی کو یہ فنڈز ملیں گے۔جناب سپیکر صاحب! جو دوسری اہم بات ہے۔وہ یہ ہے کہ مجھے حکومتی اراکین اور اپوزیشن کے اراکین آج ایماناً ایک بات بتائیں کہ جب انکے پاس ایک دن اگر سو ووٹرز آتے ہیں تو وہ ان سے کیا بات کرتے ہیں۔کہ LFO، وردی، وہ ان سے یہ پوچھتے ہیں۔کہ ہماری سڑک کا کیا ہوا۔ ہماری بجلی کا کیا ہوا۔ ہمارے ٹیوب ویلز کا کیا ہوا۔میرا خیال ہے کہ ہمارے لئے سب سے Important بات ہے۔کہ ہم جو ان ایک کروڑ 77 لاکھ لوگوں کے نمائندے یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں یہاں چیف منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ کروں گی۔کہ تمام اراکین اسمبلی کو یہ فنڈز جلد از جلد مہیا کریں۔تاکہ وہ اس صوبے کے ترقیاتی کاموں میں اپنے آپ کو شامل کرکے اس صوبے کی ترقی کے لئے کچھ کام کر سکیں۔اور میرا خیال ہے کہ مشترکہ ایک قرارداد لائیں۔LFO اور اس وردی کے حق کے بارے میں کیونکہ اس پہ تو بات ہوئی ہی نہیں ہے۔کیونکہ ہمارا کوئی ووٹر ہم سے یہ نہیں پوچھتا ہے ہم سے صرف ان کے مسائل کے بارے میں بات ہوتی ہے۔تاکہ ہم اسکو Unanimously پاس کرکے مرکز کو بھجوادیں اور مرکز کے ساتھ تعلقات اچھے کرلیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا کرلیں۔شکریہ جی۔جناب خلیل عباس صاحب جی۔

جناب خلیل عباس: جی ما خو نه ده کړے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خه جی۔ نو دلته چه ماله کوم فهرست راغلې دے۔

سید قلب حسن: ماله جی تاسو ټائم راکړئ۔ زه چرته روان یمه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خه جی، خه، دا یو منټ جی۔ دے دغه باندې، تعمیر سرحد باندې، جناب بشیر احمد بلور صاحب۔ خلیل عباس صاحب، مختیار خان، دوی بحث کړے دے۔۔۔۔(قطع کلامی)۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم جناب سید قلب حسن صاحب۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): سر! یہ ہمیں، لیکن۔۔۔۔

(مداخلت)

سید قلب حسن: ډیره مهربانی سپیکر صاحب۔۔۔۔

(مداخلت)

قائد حزب اختلاف: لیکن ہمیں نام کا پتہ نہیں تھا کہ نام بھی دیتے ہیں۔ لیکن اس میں ہم لوگ بھی بات کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، نہیں، تمہیں نہیں۔

انجینئر حامد اقبال: سپیکر صاحب! دیکښې زما هم نوم شته دے جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: او ستاسو نوم پکښې شته۔

قائد حزب اختلاف: ہمیں یہ پتہ نہیں کہ کوئی فہرست مرتب ہوئی ہے۔ سر۔

قاضی محمد اسد خان: جناب سپیکر! ہم نے بھی کچھ نام دیئے تھے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ جی۔ قاضی صاحب کا نام اس میں ہے۔

قاضی محمد اسد خان: تو اس میں میری بہنوں کا نام بھی دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، جو فہرست یہاں پر مرتب کی گئی ہے۔

قاضی محمد اسد خان: یہاں پر درخواست میں نے کی تھی۔ غزالہ اور نسرین خٹک کی طرف سے۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ فہرست ہے۔ نمبر بائی نمبر بتا رہا ہوں۔ جی جی۔ جناب سید قلب حسن صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: جناب ہم نے بھی نام دیئے ہیں۔ ہمارے نام آئے ہیں کہ نہیں۔

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون): جناب سپیکر صاحب! گستاسپ صاحب، جو ہمارے سب سے پرانے اور منجھے ہوئے پارلیمنٹرین ہیں۔ انکو ابھی تک یہ بھی پتہ نہیں ہے کہ نام دیئے جاتے ہیں۔ لہذا اگر یہ اب بھی نام دے دیں تو یہ Acceptable نہیں ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک دہ جی۔

سید مظہر علی قاسم: جناب سپیکر صاحب! کیا ہمارے نام لسٹ کے اندر ہیں۔ ہم نے بھی نام دیئے تھے۔

جناب بشیر احمد بلور: نمبر پر آئیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب مظہر صاحب! آپ کا نام اس میں نہیں ہے۔ میں لکھ دیتا ہوں۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سعید خان: جناب سپیکر صاحب! زما نوم پکښې شته دے ؟ سعید خان۔

جناب ڈپٹی سپیکر: که نه وی نو زه پکښې اولیکلم جی۔

جناب سعید خان: ما هغه بله ورځ لیکلئې ورکړے وو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سید قلب حسن صاحب!

سید قلب حسن: ډیره مهربانی جناب سپیکر صاحب! زه ستاسو ډیر شکرگزار یمه۔ چې تاسو ماته موقع راکړه زما د تعمیر سرحد سره یو څو خبرې دی۔ چې آته میاشتے اوشوې جناب! د دے فنډز اوسه پورې څه پته اونه لګیده۔ چه دا فنډز به کله راځی۔ نن زمونږه خوش قسمتی ده او وزیراعلیٰ صاحب هم دلته کښې دے۔ د دے په باره کښې زمونږه سیکرټری صاحب او ډی سی او صاحب سره هم خبرے شوې دی۔ ټوله مسئله دلته کښې په دې ډیپارټمنټ کښې ده۔ زمونږ په علاقه کښې خلقو ته ډیر لوئے تشویش دے او زمونږه نه هر یو سړے دا تپوس کوی چې تاسو پانچ، چھ مہینے پهلے د دے علاقے دورے کړی دی۔ مختلف پراجیکټ مو ورته بنودلی دی۔ هغې سه اوشو۔ بلکه اخبارونو کښې هم د دے په باره کښې راځی۔ وزیر اعلیٰ صاحب هم دلته کښې دے۔ دوی ته مونږه نن دا درخواست کوؤ۔ چه هغه دلته فوری طور باندې د دے په باره کښې څه اعلانات اوکړی۔ او دے سره یو بله خبره هم زه عرض کوم چې دے فنډ کښې د قبرستانو د پاره د

جماعتونو د پاره او د حجرو د پاره اجازت نشته۔ نو دا ډیره بده غوندے خبره ده۔ دے نه مخکښې جماعتونو، حجرو او قبرستانو د پاره فنډونه وو۔ او د ایم ایم اے په حکومت کښې، که د جماعت د پاره فنډ نه وی۔ نو هغه خلقو کښې لږ غوندے کنفیوژن پیدا کیږی۔ زه وزیر اعلیٰ صاحب ته هم ریکویسټ کوم چې د دے د فوری طور د لته کښې اعلان اوکړی۔ چې کوم د لته مونږه ته فنډ ملاویږی۔ که دے کښې نه وی نو Coming، چې 2004 والا کوم فنډ دے په هغې کښې د حجرے د پاره، مونږه د پښتنو علاقه ده۔ هرے علاقے کښې خپلے حجرے وی۔ نو پکار دا ده چې د حجرو، جماعتونو او د قبرستان د پاره اعلان اوکړی۔ (قطع کلامی) زمونږه په علاقو کښې خو حجرے شته دے کیدے شي چې ستاسو علاقو کښې نه وی۔ د پښتنو وطن دے۔ او دے سره اکثر یو بل کنفیوژن دے۔ چې مونږه ته د دغه وضاحت هم اوکړی۔ چې دا 2004 د پاره به دا فنډ څومره وی۔50 لاکھ به وی آؤ که ایک کروړ روپئ به وی، د دے وضاحت هم اوکړئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: د هغې وضاحت به بیا روستو اوکړی جی۔

سید قلب حسن: ښه جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عتیق الرحمان خان، عتیق الرحمان خان نشته جی، آؤ محترمہ یاسمین پیر محمد خان صاحبہ، نہیں ہیں۔ محترمہ فرح عاقل شاہ صاحبہ، نہیں ہیں۔ جناب سکندر خان شیرپاؤ صاحب، جناب محمد ارشد خان، جناب لیاقت خان خٹک، جناب عالم زیب عمرزئی۔

جناب خلیل عباس: جناب سپیکر صاحب! د لیاقت خان Representation زه اوکړم جی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جی، یو منټ، جناب شاد محمد خان صاحب آنریبل ممبر محترم شاد محمد خان صاحب۔

(تالیاں)

جناب شاد محمد خان: صاحبه ما خو د ر ته هیڅ نه دی وئیلی۔ زما نامه مو ولے واخسته؟

جناب ڈپٹی سپیکر: ډیره ښه ده جی۔

جناب شاد محمد خان: زه په څه شي اوو ایم؟

جناب ڈپٹی سپیکر: چائیو ته لا وخت شته۔

جناب شاد محمد خان: د چائیو وخت دے، که د چائیو دغه کوے، بس ٹھیک ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لا ټائم شته جی، ټائم شته۔

جناب شاد محمد خان: گنی نور ترینه څه جوړیږی نه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ غزالہ حبیب تنولی صاحبہ۔ آرڈر پلیز۔

الحاجیہ غزالہ حبیب: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

محترمہ سلمیٰ بابر: سر! آپ ان تمام مرد حضرات کی اور ان تمام لوگوں کو کہیں جو آنریبل ممبر بیٹھے ہوئے ہیں کہ وہ کسی کی تقریر میں Interruption نہ کریں اور خاص کر جب لیڈیز اگر تقریر کر رہی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاں تقریر کے دوران کوئی مداخلت نہیں ہوگی۔

الحاجیہ غزالہ حبیب: تھینک یو مسٹر سپیکر صاحب۔ یہاں میں صرف یہ کہنا چاہتی ہوں کہ اسمبلی فلور پر ہمیں پچھلے سال کے لئے پچاس لاکھ روپے اور اگلے سال کے لئے ایک کروڑ روپے فنڈ کی بار بار، ایک کروڑ روپے کی یقین دہانی کرائی گئی لیکن ابھی تک اس پر کوئی عمل نہیں کیا گیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جی۔

الحاجیہ غزالہ حبیب: پچھلے سال کے لئے Mid April میں انہوں نے پچاس لاکھ روپے کا اعلان کیا اور اس کے لئے صرف ڈیڑھ مہینے کا ٹائم دیا کہ ہم کو جون سے پہلے پہلے یہ سارا Process complete کرنا ہے لیکن یہ کتنا لمبا پروسیجر رکھا گیا کہ جس میں یہ ممکن ہی نہیں تھا اور اس کے بعد جو یہ Complete کیا بھی گیا تو اس پر اتنے Objections ہوئے کہ ابھی تک وہ کسی طور بھی Complete نہیں ہو سکا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جی۔

الحاجیہ غزالہ حبیب: اس کے بعد جب بجٹ کا سیشن ہوا اور پھر اس کے لئے باقاعدہ سراج الحق صاحب نے Meetings call کیں، ہمیں بلایا گیا اور خود انہوں نے کہا کہ ابھی یہ ظفر اعظم صاحب نے اس کا بھی ذکر کیا ہے کہ میٹنگز پر اتنا خرچہ آتا ہے لیکن تمام اتنے لمبے پراسیس کے باوجود انہوں نے ہماری کسی بھی

